رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of ڈھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
25 YEARS TRUST AND PURITY
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلور سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA MUMBAI
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

MUMBAI Pages : 8 | ₹ 5/- | Vol:18 | Issue:5702 | سال: 18 شمارہ نمبر:5702 | 09/ذی الحجہ 1445ھ اتوار | یعنی مکمل سچ | ○حب الوطنی ○فرض شناسی ○ایثار | Sunday 16 June 2024

حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ بخیروعافیت ادا

میدان عرفات میں فرزندانِ توحید نے گڑگڑا کر دعائیں مانگیں □ پہلے دن کی رمی جمرات آج

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) عازمین حج کے قافلے 9 ذی الحجہ کو نماز فجر کے بعد منیٰ سے میدان عرفات پہنچے، جہاں حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ ادا کیا جارہا ہے۔ قبل ازیں عازمین حج کے قافلے طواف قدوم اور سعی ادا کرنے کے بعد مکہ مکرمہ سے منیٰ پہنچے تھے۔ انہوں نے منیٰ میں یوم الترویہ عبادات اور دعاؤں میں گزارا۔ عازمین کے قافلوں نے حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ ادا کرنے کیلئے سورج طلوع ہونے پر میدان عرفات کا رخ کیا، جہاں انہوں نے سورج غروب ہونے تک عبادت کی۔

مسجد نمرہ میں خطبہ حج سننے کے بعد عازمین نے ظہر اور عصر کی نمازیں قصر و جمع کی صورت میں ادا کیں۔ عازمین نے سارا دن میدان عرفات میں عبادت الٰہی اور دعائیں کرتے گزارا۔ سورج غروب ہونے کے ساتھ ہی عازمین وادی مزدلفہ کی جانب روانہ ہوجائیں گے جہاں پہنچ کر وہ مغرب اور عشا کی نمازیں قصر و جمع کی صورت میں ادا کریں گے اور ہری کے لیے کنکریاں اٹھی کریں گے۔ ظہر اور عصر کی نماز قصر اور جمع کی صورت میں ادا کرنے کے بعد حجاج کرام مسجد نمرہ کے اطراف میں ہی بیٹھے رہے جبکہ بیشتر حجاج جبل رحمہ کی جانب روانہ ہو گئے۔ سفید احرام میں ملبوس لاکھوں حجاج کی وجہ سے رحمہ پہاڑ کا دور سے انتہائی خوبصورت منظر دکھائی دے رہا تھا۔ حد نگاہ تک سفید احرام میں ملبوس حجاج نظر آرہے تھے۔

انتظامیہ کی جانب سے جگہ جگہ پانی کی سبیلیں لگائی گئی ہیں جبکہ عام لوگوں نے بھی حجاج میں پانی کی بوتلیں تقسیم کیں۔ حجاج کرام آج یہاں غروب آفتاب سے چند لمحات قبل تک قیام کریں گے اور زوال کے ساتھ ہی مزدلفہ کے لیے روانہ ہو جائیں گے جہاں وہ تین دن رمی کے لیے کنکریاں اٹھی کریں گے۔ حجاج کرام رات مزدلفہ کے میدان میں بسر کریں گے اور نماز فجر ادا کرنے کے ساتھ ہی وہ منیٰ کی جانب روانہ ہو جائیں گے۔ سعودی اداروں کی جانب سے حج کے رکن اعظم کی ادائیگی کے لیے سکیورٹی کے مثالی انتظامات کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق دنیا بھر سے فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے آنے والے عازمین کے قافلے بسوں اور مشاعر ٹرین سروس کے ذریعہ جمعہ کی نصف شب کے بعد ہی منیٰ سے میدان عرفات کیلئے روانہ ہو گئے تھے۔ میدان عرفات آنے والے تمام راستوں پر چیک پوسٹیں قائم ہیں جبکہ کسی کو بھی میدان عرفات میں حج پرمٹ کے بغیر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ ایسی گاڑیاں جن پر مشاعر عقدسہ میں جانے کا پرمٹ چسپاں نہیں، انہیں چیک پوسٹوں سے گزرنے نہیں دیا جاتا ہے۔ وزارت دفاع ہوا بیکسیونٹی اداروں کی ٹیمیں مسلسل میدان عرفات کا دورہ کررہی ہیں جبکہ وزارت دفاع کے ہیلی کاپٹر میدان عرفات کی مسلسل فضائی نگرانی کررہے ہیں۔

شریعت اسلامی کے احکام انسانی زندگی کی بہتری اور ترقی کے لئے ہیں: خطبہ حج

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) لاکھوں فرزندان اسلام نے میدان عرفات میں حج کا خطبہ سنا اور پیغمبر اسلام کی پیروی کرتے ہوئے ایک اذان اور 2 اقامتوں کے ساتھ ظہر اور عصر کی نمازیں قصرادا کیں۔ مسجد الحرام کے امام وخطیب شیخ ماہر المعیقلی نے خطبہ حج دیا ہے۔ انہوں نے مسلمانوں کو تقلین کی کرتقوی اختیار کریں اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ حج عبادت اور شعائر کی ادائیگی کا مقام ہے، یہ سیاسی و انتخابی اور نعرہ بازی کی جگہ نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شریعت اسلامی کے احکام انسانی زندگی کی بہتری اور ترقی کے لیے ہیں اور ان میں دوسروں کو اذیت دینے اور نقصان پہنچانے کا سدباب کیا گیا ہے۔ شیخ ماہر نے کہا ہے کہ 'اسلامی شریعت نے عدل اور فضیلت پر مبنی اخلاق کے علاوہ والدین کے ساتھ حسن سلوک، صلہ رحمی، سچائی، حقوق کی حفاظت، امانت کی ادائیگی، وفاداری اور ولی امر کی سمع واطاعت کا حکم دیا ہے۔

مختصر خبریں

انکاؤنٹر میں 8 نکسلی ہلاک، پولیس اہلکار کی موت

ناراین پور (یو این آئی) چھتیس گڑھ۔مہاراشٹر ریاست کی سرحد پر واقع نارائن پور کے ابوجھماڑ کے گنول علاقے میں ہفتہ کی صبح پولیس اور نکسلیوں کے درمیان پھر سے انکاؤنٹر شروع ہوا۔ گزشتہ دو دنوں میں پولیس اور نکسلیوں کے درمیان تصادم میں 8 نکسلی مارے گئے ہیں اور ایک سپاہی کی موت ہوگئی اور 2 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ بستر رینج کے انسپکٹر جنرل آف پولیس پی۔سندرراج نے کہا کہ بدھ کو نکسل مخالف مشترکہ آپریشن میں ریزرو پولیس فورس، چھتیس گڑھ مسلح افواج اور جتیئی بارڈر سکیورٹی فورس کے اہلکار نارائن پور، بستر، کونڈاگاؤں، کانکیر، دنتے واڑہ اضلاع میں شامل ہیں۔ پولیس نے کہا کہ انکاؤنٹر میں مارے گئے نکسلیوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔

سابق وزیر اعلیٰ جگن موہن کے گھر پر چلا بلڈوزر

حیدرآباد، (ایجنسیاں) آندھرا پردیش میں نئی حکومت کی حلف برداری کے بعد گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن نے ریاست کے سابق وزیر اعلیٰ اور وائی ایس آر سی پی کے صدر جگن موہن ریڈی کے حیدرآباد میں واقع گھر پر بلڈوزر کے ذریعہ انہدامی کارروائی انجام دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق میونسپل کارپوریشن نے یہ کارروائی غیر قانونی تعمیر کے خلاف شکایت موصول ہونے کے بعد کی۔ کارپوریشن نے لوٹس پونڈ میں جگن موہن ریڈی کی رہائش گاہ کے سامنے سڑک پر ان کی حفاظت کے لیے تعمیر کیے گئے کمرے کو منہدم کر دیا۔ الزام ہے کہ اس ڈھانچہ کو تجاوزات کرکے بنایا گیا تھا، جس کی وجہ سے عوام کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ رپورٹ کے مطابق اس تجاوز کے خلاف میونسپل کارپوریشن کو ایک سے زیادہ شکایات موصول ہوئی تھیں۔ جگن موہن ریڈی کے حامیوں کے مطابق سڑک کے کنارے یہ کمروں کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر کیا گیا تھا۔ آندھرا پردیش میں جگن موہن ریڈی کی ہار کے بعد ان کی سکیورٹی یہاں سے ہٹائی جا چکی ہے۔ لہٰذا عہدیداروں نے پولیس کی موجودگی میں اس غیر قانونی تعمیر کو منہدم کر دیا۔ حیدرآباد کے لوٹس تالاب میں فٹ پاتھ اور سڑک غیر قانونی طور پر تعمیر کیے گئے جس کی وجہ سے ڈرائیوروں اور پیدل چلنے والوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

نیٹ یوجی رزلٹ تنازع پر سپریم کورٹ میں ایک اور عرضی دائر

تمام 23.3 لاکھ طلبا کے نتائج کی جانچ اور نئی رینک لسٹ جاری کرنے کا مطالبہ □ بہار میں 14 اور گجرات میں 5 ملزمین گرفتار

نئی دھلی، (ایجنسیاں) نیٹ یوجی رزلٹ تنازع میں ایک اور عرضی آج ہفتہ کو سپریم کورٹ میں داخل کی گئی ہے۔ اس میں 23.3 لاکھ طلبا کی ادا ایم آر شیٹس کو دوبارہ چیک کرنے اور نئی رینکنگ جاری کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

درخواست میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ اس معاملے کی پوری تحقیقات سپریم کورٹ کے جنیل کے ذریعہ مانیٹر کی جائے۔ ایڈوکیٹ ستوی دوبے اور ایڈوکیٹ ارہنت جین نے عدالت میں یہ عرضی داخل کی ہے۔ یہ عرضی نیٹ امتحان میں شامل 8 طلبا نے دائر کی ہے۔ اس میں طلبا نے 7 دلائل پیش کیے ہیں جو درج ذیل ہیں۔ بہت سے طلبا نے او ایم آر (OMR) شیٹ اور اسکور کارڈ میں الگ الگ نمبر حاصل کیے ہیں۔ یہ طلبان امتحان مراکز سے بھی نہیں ہیں جہاں گریس نمبر دیے گئے ہیں۔ کٹ آف اور اوسط نمبر گزشتہ سالوں کے مقابلے کہیں زیادہ ہیں۔ 67 طلبا 720 میں سے 720 کے اسکور کے ساتھ ٹاپر بنے ہیں جو پچھلے سالوں میں 3 یا 4 ہوا کرتے تھے۔

نیٹ امتحان دوبارہ لیا جانا چاہئے: وزیر اعلیٰ سدارمیا

بنگلورو، (ایجنسیاں) کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارمیا نے ہفتہ کو نیٹ کا امتحان دوبارہ منعقد کرنے کی وکالت کرتے ہوئے کہا کہ گریس مارکس دینا غلط ہے۔ میسور میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سدارمیا نے کہا کہ نیٹ امتحان میں ان طلبا کے ساتھ غلط ہوا جنہوں نے سخت محنت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ 'طلبا کو پاس کرنے کے لئے گریس مارکس نہیں دینا چاہئے۔ گریس مارکس دینا غلط ہے، اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔ اس معاملہ پر میں پہلے ہی اپنا بیان دے چکا ہوں۔' انہوں نے کہا کہ میں نے اس معاملے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے اور دوبارہ امتحان کرانے کی اپیل کی ہے۔ نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے صحیح طریقے سے امتحان نہیں لیا ہے۔ طلبا کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونی چاہیے۔'

گجرات: 27 طلبا سے 10-10 لاکھ روپے لینے کا الزام

احمدآباد، (ایجنسیاں) گجرات کے پنچ محل ضلع واقع گودھرا قصبہ میں ایک اسکول کے پرنسپل اور ٹیچر سمیت اب تک 5 لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ان لوگوں پر 27 امتحان دہندگان کو 10-10 لاکھ روپے کی رشوت لے کر نیٹ۔یو جی امتحان پاس کرانے میں مدد کرنے کا الزام ہے۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ ہانشو سونکی نے بتایا کہ گرفتار لوگوں میں تنظار بھٹ، اسکول کے پرنسپل پروتیش شرما، وڈودرا کے تعلیمی مشیر پرشوام رائے، ان کے معاون وجیو آنند اور پچھ لیہ عارف وہرا شامل ہیں۔ 9 ممی کو درج ایف آئی آر کے مطابق اس ریکیٹ کا بھانڈا پھوڑ گودھرا کے ایک اسکول میں ہوا، جسے 9 ممی کو ہونے والے نیٹ یو جی امتحان کا مرکز بنایا گیا تھا۔ ضلع کلکٹر کنجر بلی تھی کہ اس سنٹر میں بھگدڑ بڑی ہے، جس کے بعد پورے گروہ کا پردہ فاش ہوا۔

اتراکھنڈ میں دردناک حادثہ □ 12 افراد کی موت

رودر پریاگ، (ایجنسیاں) اتراکھنڈ کے رودر پریاگ میں آج اس وقت دردناک حادثہ پیش آیا جب تقریباً 26 مسافروں کو لے جا رہا ٹیمپو ٹریولر الکنندا ندی میں جا گرا۔ اس حادثہ میں کم از کم 12 افراد کی موت ہوگئی اور کئی دیگر زخمی بتائے جا رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا جا رہا ہے کہ راحت رسانی کا عمل جاری ہے اور 12 افراد کو ریسکیو کیا جا چکا ہے۔ اس میں کچھ لوگوں کی حالت سنگین ہے اور انہیں بچانے کی کوششیں جاری ہیں۔ موصول اطلاع کے مطابق زخمیوں کو ہیلی کاپٹر سے ہائر سنٹر لے جایا جا رہا ہے۔ گپت کاشی سے ہیلی کاپٹر رودر پریاگ پہنچا ہے اور 4 زخمیوں کو فوری طور پر ہیلی کاپٹر سے ایمس لے جایا گیا ہے۔ اب تک ملی جانکاری میں بتایا جا رہا ہے کہ رودر پریاگ شہر سے 5 کلومیٹر آگے بدری ناتھ ہائی وے پر رتھوی کے پاس ٹیمپو ٹریولر الکنندا ندی میں گر اجس کے بعد علاقے میں چیخ و پکار مچ گئی۔ اس حادثہ کی خبر ملتے ہی مقامی پولیس انتظامیہ ضلع ڈیزاسٹر مینجمنٹ، ڈی ڈی آر ایف سمیت دیگر ٹیم موقع پر ریسکیو کے لیے پہنچ گئیں۔ ایسی بھی خبریں سامنے آ رہی ہیں کہ یہاں ریلوے لائن پر کام کر رہے 3 لوگ مسافروں کو بچانے کے لیے ندی میں کودے، ان میں سے ایک کی موت واقع ہوگئی ہے۔ حادثہ کی خبر ملتے ہی بعد اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر اظہار افسوس کیا ہے۔

انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ ضلع رودر پریاگ میں ٹیمپو ٹریولر کے حادثہ کا شکار ہونے کی انتہائی تکلیف دہ خبر ملی۔ متاثرین انتظامیہ اعلیٰ ڈی آر ایف کی ٹیمیں راحت و بچاؤ کاری میں مصروف ہیں۔ زخمیوں کو قریبی طبی مراکز پر علاج کے لیے بھیجا دیا گیا ہے۔' ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ ضلع مجسٹریٹ کو حادثہ کی جانچ کا حکم دے دیا گیا ہے۔ اوپر والے سے دعا ہے کہ مجھلوگوں کی روح کو اپنے قدموں میں جگہ دے اور غمزدہ گھر والوں کو یہ تکلیف برداشت کرنے کی طاقت فراہم کرے۔ بابا کیدارسے زخمیوں کے جلد شفایاب ہونے کی دعا کرتا ہوں۔'

بی جے پی ایم پی نے اندرا گاندھی کو 'ہندوستان کی ماں' کہا

تھریشور، (ایجنسیاں) کیرالہ کے تھریشور سے بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ اور مرکزی وزیر سریش گوپی نے سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو 'مدر آف انڈیا' (ہندوستان کی ماں) کہا۔ انہوں نے سابق کانگریس چیف منسٹر آنجہانی کرونا کرن کو بھی ایک دلیر وزیر اعلیٰ قرار دیا۔ گوپی نے کہا کہ وہ اندرا گاندھی کو 'مدر آف انڈیا' مانتے تھے، اس لیے کرونا کرن ان کیلئے ریاست میں کانگریس پارٹی کے باپ تھے۔ گوپی نے بدھ 12 جون کو پتھنم تھٹا میں کرونا کرن کی یادگار مرمتی مندرم کا دورہ کیا تھا۔ میڈیا سے بات چیت کے دوران انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کے دورے سے کوئی سیاسی مطلب نہیں نکالا جانا چاہیے، کیونکہ وہ اپنے گرو کو خراج عقیدت پیش کرنے آئے ہیں۔ گوپی کیرالہ سے بی جے پی کے پہلے رکن پارلیمنٹ ہیں۔

Hamdard
TRUSTED SINCE 1906
MyHamdardStore.com
SCAN TO SHOP
Hamdard ست اسپغول
پائیں راحت ... جھٹ پٹ
NATURAL HUSK
SAT ISABGOL
PSYLLIUM HUSK
HEALTH SUPPLEMENT
Rich in Natural Fibre
Net Weight 200 g
قدرتی بھوسی
اعلیٰ معیار کی سیلیم بھوسی
صحت مند معدہ کے لیے
Share your experience, Call us: 1800 1800 600 or Write us at: info@hamdard.com or Visit us at: www.hamdard.com Hamdard Laboratories India (Food Division), Registered & Consumer Care Office: Hamdard Manzil, Lal Kuan, Delhi - 110 006, India
ہمیں فالو کریں:

گرمی کرے دور!
ہر گھونٹ راحت اور تازگی سے بھرپور
شربت راحت افروز
آپکو دن بھر رکھے تازہ دم
روح میں تازگی کا نیا احساس جگائے
SHARBAT RAHAT AFROZ
گھر میں شربت راحت افروز کیا آیا اب ہر کوئی اس کی ہمکیاں لینے کے لیے بہانے ڈھونڈتا ہے۔ گھر بھر کے لیے تازہ پھلوں اور بوٹیوں کے ذائقہ سے بھرپور راحت بخش تازگی بھرا سب کا پسندیدہ شربت۔
ملتے جلتے ناموں سے ہوشیار۔ برسوں سے آزمودہ شاہر بلز کے دہلوی ریمیڈیز برانڈ دیکھ کر ہی خریدیں۔
Dehlvi Remedies the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 Customer Care:95550 94254
For Trade Enquiry MUMBAI 9930576542
Email: sanaherbals@gmail.com info@sanaherbals.com

Since 1950
dtc
اصلی برین ٹانک
dimagheen
1950
"امیونٹی بوسٹر"
دماغین کھائیں، تیز دماغ پائیں
★ دماغین ہر عمر کے ذہنی وجسمانی طور سے مصروف لوگوں کے لیے مددگار ہے۔
★ دماغین خوش ذائقہ تازگی وتوانائی سے بھرپور ہے۔
★ دماغین مرکزی یادداشت کو بڑھاتی ہے اور صحت کی اصلاح کرتی ہے۔
★ دماغین یکسوئی کو بڑھاتی ہے اور تھکان کم کرتی ہے۔
★ دماغین میں دوائی وغذائی اجزاء سے بھرپور مشہور پھل آملہ اجزاء اعظم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ جس میں وٹامن "سی" سب سے زیادہ اور ساتھ میں کیلشیم اور فولاد بھی پایا جاتا ہے۔
آملہ، بکھما ہولی، برہمی بوٹی، جیدوار شیریں، عودصلیب، بھنگلی روہی، عرق گلاب اور عرق کیوڑہ دماغین میں برسوں سے موجود ہیں۔
پیک
dimagheen
HERBAL BRAIN TONIC
immunity booster
انگوری®
صحت کا ہربل ٹانک
★ تھکان وعام جسمانی کمزوری میں فائدہ مند ہے
★ لیور کو طاقت دیتی ہے
★ نظام ہضم کی قوت بڑھاتی ہے
★ بیماری کے بعد کمزوری دور کرنے میں مفید ہے
★ ہر عمر میں اثر کرنے والی ہے
500 ml
ANGOORI
HERBAL TONIC
ہمارے پروڈکٹس www.amudawakhana.co سے آن لائن بھی خریدے جاسکتے ہیں۔
دواخانہ طبیہ کالج، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ-202001
Authorised Distributor for Maharashtra: M/s. Daryabadi Dawakhana, Pydhonie Mumbai-3
Telphone: 022-23434616 Mobile: 9820464624 & 9820135838